# 18-01-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ صحتمند ہندوستان کی تعمیر کے مقصد کیلئے مرکز کی نریندر مودی حکومت جامع منصوبوں کو عمل میں لا رہی ہے۔

۲۔وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ریاستی حکومت تعلیم اور صحت کے شعبوں کی ترقی کیلئے اولین ترجیح دے رہی ہے۔

۳۔حیدرآباد کے باہر پہلی بار میڈارم میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں کابینہ کا اجلاس جاری ہے۔

۴۔کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کے قومی جنرل سکریٹری بی راجہ نے کہا کہ پارٹی کا عروج کئی قربانیوں کے ذریعہ جاری ہے۔

CM Tour

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کھمم ضلع کے ایدولا پور میونسپلٹی میں 362 کروڑ روپیوں کی لاگت کے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا اور وزیر اعلیٰ نے نرسنگ کالج، مدولا پلی اگریکلچرل مارکٹ، جے این ٹی یو کالج کی تعمیر کیلئے بھومی پوجا کی اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کھمم ضلع کے کسومنچی میں ایک سو بستروں والے ہاسپٹل کی تعمیر کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت تعلیم اور طبی شعبہ کی ترقی کیلئے سب سے زیادہ توجہ دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ نرسنگ کورس کی تکمیل کرنے والوں کو جاپان اور جرمنی میں بہت زیادہ مانگ ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ طلبہ کو نرسنگ کورس کے ساتھ جاپانیز اور جرمن زبان کو سکھانے کیلئے پوری طرح تیار ہے اور وزیر اعلیٰ نے پالیر میں منعقد کئے گئے ایک جلسہ سے بھی خطاب کیا۔اس پروگرام میں نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ اور دیگر ریاستی وزرا نے بھی شرکت کی۔

Sound Byte CM

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے کہا کہ مرکز کی نریندر مودی حکومت فٹ انڈیا کے ذریعہ صحتمند ہندوستان کی تعمیر کیلئے کام کررہی ہے۔ حیدرآباد کے گچی باؤلی اسٹیڈیم میں سنڈے آن سائیکل 57 ویں حیدرآباد ایڈیشن پروگرام کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس پروگرام میں کشن ریڈی نے مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کی۔ کشن ریڈی نے کہا کہ ایک طاقتور نوجوان ہمارے ملک میں ہیں۔ نوجوان صحتمند رہنے پر ہی صحتمند ہندوستان کی تعمیر ممکن ہوسکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صحتمند نوجوانوں کی ذہانت ہی ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔

Sound Byte Kishan Reddy

مرکزی یوتھ محکمہ می جانب سے منعقد کئے گئے اِس پروگرام میں کھیلوں اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے قائدین، کھلاڑیوں اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

CPI Program

سی پی آئی کے قومی جنرل سکریٹری ڈی راجہ نے کہا کہ بھارتیہ کمیونسٹ پارٹی کی شروعات کئی قربانیوں سے شروع ہوئی۔ آج کھمم میں منعقدہ صدسالہ تقریب کے اختتامی پروگرام میں شرکت کرتے ہوئے انہوں نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ 26 دسمبر 1925 ءکو کانپور میں سی پی آئی کی بنیاد رکھی گئی تھی۔ ملک میں بھرپور سوراجیم کیلئے سی پی آئی نے اس وقت ہی منصوبہ بنایا تھا۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کی جدوجہد میں کانگریس اور سی پی آئی کا اہم رول ہے۔ اِس جلسہ میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے علاوہ ریاستی وزراٗ، سی پی آئی کے اعلیٰ قائدین اور تلگو ریاستوں کے تعلق رکھنے والے قائدین کے علاوہ مختلف مقامات کے سی پی آئی قائدین نے بھی شرکت کی۔

Gymkhana Ground

سکندرآباد کے جم خانہ گراؤنڈ میں کل کاکا وینکٹ سوامی میموریل ٹی20 کرکٹ ٹورنمنٹ کےانعامات کی تقریب منعقد ہوئی۔اس تقریب میں ریاستی وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے شرکت کی۔ اِس موقع پر ریاستی وزیر نے کہاکہ حکومت اسپورٹس پالیسی کومتعارف کرواتے ہوئے کھلاڑیوں کی ترقی کیلئے اہم توجہ دے رہی ہے۔انہوں نے اس ٹورنمنٹ میں بہترین مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کوقومی سطح پر حصہ لینے کے لئے تربیت فراہم کرنے حیدرآبادکرکٹ اسوسی ایشن پرزوردیا۔

Jupally Tour

ریاستی وزیرسیاحت ومتحدہ ضلع عادل آباد کے انچارج جوپلی کرشناراؤ کل آصف آباد ضلع کا دورہ کریں گے۔اِس موقع پر ریاستی وزیرحال ہی میں جدید تعمیر کئے گئے 100 بستروں کے ہاسپٹل کاافتتاح کریں گےاور وانکیڑی منڈل کے بنڈارامیں ینگ انڈیاانٹی گریٹیڈ ریسیڈنشیل اسکول کا سنگ بنیادرکھیں گےاور اسی کے ساتھ آصف آباد میں نئے تعمیر کئے جانے والے گورنمنٹ نرسنگ کالج کی عمارت کاسنگ بنیاد رکھیں گے۔اس کے علاوہ نئی مارکٹ کمیٹی کےحلف برداری تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔

Vehicle Rush

وجئے واڑہ ۔حیدرآبادقومی شاہراہ پرگاڑیوں کی بھاری تعداددیکھی جارہی ہے۔سنکرانتری تعطیل کے اختتام کے بعدحیدرآبادکوآنے والے مسافرین کی وجہ سے کئی کلومیٹرتک مسافرین کی گاڑیاں ٹرافک میں روک گئی ہیں۔ٹول گیٹ کےقریب اضافہ لائن مختص کئے گئے ہیں۔ بڑی گاڑیوں اورلاریوں کوحضورنگر، مریال گوڑہ حالیہ کےسمت سے عہدیداروں نے ان کارخ موڑدیاہےاوربعض گاڑیوں کوچٹیالہ سے بھونگیرکی سمت سے اپل کی جانب موڑدیاجارہاہے۔

Cabinet Meeting

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں میڈارم میں کابینہ کا اجلاس جاری ہے۔حیدرآباد کے باہر کابینہ کا اجلاس منعقد ہونا یہ پہلی بار ہے اوراس اجلاس کو اہمیت بھی حاصل ہے۔میڈارم کی ترقی کیلئے ایک مستقل منصوبہ کے ذریعہ ماسٹر پلان،میونسپل الیکشن کے ریزرویشن اورانتخابات اوراضلاع کی نئی تقسیم،جوڈیشل کمیشن کا قیام،ایم پی ٹی سی،زیڈ پی ٹی سی کے انتخابات اور کرشنا گوداوری ندیوں کے پروجیکٹ کی پیشرفت اوردیگرامور پر تبادلہ خیال کیا جانے کا امکان ہے۔

Chowmahalla Palace

تلنگانہ سنگیت ناٹک اکیڈیمی کی جانب سے کل شام حیدرآباد کے چومحلّہ پیالس میں غزل صوفی سنگیت کا پروگرام شاندار پیمانہ پر منعقد ہوا۔اس پروگرام میں دکن کے علاقہ کی تہذہب وثقافت،غزل صوفی کے سنگیت وروایت کوشاندار پیمانہ پر پیش کیا گیا۔اس موقع پر مشہورصوفی کی گلوکارہ انیتا سنگھوئی نے اپنے غزلوں کا جادو جگایااورصوفی روایت کے مطابق غزلیں سنا کر سامعین کومحظوظ کیا۔اس پروگرام میں گورنر جشنو دیو ورما نے مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی جبکہ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ،ریاستی وزرا اور عوامی نمائندے اوردیگرقائدین نے شرکت کی۔

Auto Band

آٹو ڈرائیورس جے اے سی کے کنو ینر محمد نے کہا کہ اِس مہینہ کی 20 تاریخ کوحیدرآباد شہر میں آٹو بند ہڑتال منظّم کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ آرٹی سی میں مفت بس سفر کی اسکیم کے ذریعہ آٹو ڈرائیورس کی آمدنی پر اثر پڑ رہا ہے اورآٹو ڈرائیورس معاشی مسائل کا شکار ہورہے ہیں۔اِس ضمن میں ان کے مسائل کوحکومت کو واقف کروانے کیلئے یہ بند منایا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اندرا پارک دھرنا چوک کے قریب آٹوڈرائیورس کے ساتھ ایک احتجاج بھی کیا جائے گا۔

CM CUP

راجنا سرسلہ ضلع انچارج کلکٹر گریما اگروال نے کہا کہ نوجوان تعلیم کے ساتھ کھیلوں میں حصہ لیں تو جامع ترقی ممکن ہے۔انہوں نے آج سرسلہ سی ایم کپ کھیلوں کے مقابلوں کا افتتاح کیا۔انہوں نے کہا کہ کھیلوں میں حصہ لینے سے جسمانی صحت کے ساتھ انسان کی بہترین نشوونما اور ترقی ہوسکتی ہے۔

GO

معذورین کے زندگی کا تحفظ اور سماج میں عزت و وقار بخشنے اور معاشی طور پر ان کو ترقی دینے کے مقصد کے تحت حکومت نے ایک اہم فیصلہ لیا ہے۔معذورین کے درمیان ہونے والی شادیوں کو ریاستی حکومت کی جانب سے فراہم کئے جانے والے شادیوں کی رقمی امداد کو ایک لاکھ سے بڑھا کر دو لاکھ روپے کر دیا گیا ہے۔اِس ضمن میں خواتین واطفال اور معذورین اور سینئرس سٹیزنس کے محکمہ نے کل احکامات جاری کئے۔

CPI Program CM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کھمم کے ایس آر بی جی این آر کالج گراونڈ میں کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کے صدسالہ تقریب کے اختتامی جلسہ میں شرکت کی۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھمم ضلع سے کئی قائدین نے کمیونسٹ پارٹی کی جانب سے جدوجہد کی ہے۔انہوں نے کہا کہ غریبوں اور پسماندہ طبقات کی جانب سے ان کے حقوق کو فراہم کرنے کے لئے جدوجہد کرنے کا ایک اعزاز کمیونسٹ پارٹی کو حاصل ہے اور انہوں نے کہا کہ مزدوروں اور محنت کش طبقہ کی ترقی کیلئے قانون لانے کا اعزاز کانگریس پارٹی کو حاصل ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ رضا کاروں کے خلاف اور نظام کے خلاف کمیونسٹوں نے جدوجہد کی تھی اور اس وقت کی مسلح جدوجہد میں چار ہزار لوگ شہید ہوئے۔اس تقریب میں نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا، وزیر زراعت ٹی ناگیشور راؤ، واکٹی سری ہری، کمیونسٹ پارٹی کے قومی قائدین اور دیگر نے شرکت کی۔

Indra Maa Shakti

اندرامہیلاشکتی اسکیم کے ذریعہ ریاست میں ایک کروڑ خواتین کو کروڑ پتی بنانے کیلیئے حکومت نے منصوبہ بنایا ہے۔ اِس ضمن میں شہری شہری علاقوں کے خواتین گروپوں کو بلاسودی قرض منظور کیا جارہا ہے۔ یہ بات یادادری بھونگیر ضلع کے رورل اداروں کے ایڈیشنل کلکٹر بھاسکر راؤ نے بتائی۔ آج انہوں نے میونسپل کمشنراور میپما کے عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ اس مہینہ کے 19 اور 20 تاریخ کو تمام میونسپالٹیوں کے حدود میں خواتین گروپوں کو بلاسودی قرض مقامی رکن اسمبلی کے ہاتھوں چکس تقسیم کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

OO